© rasailojaraid.com



# حج اور قربانی، فضائل واحکام

شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب مدظلہ
صدر: وفاق المدارس العربیہ پاکستان

حج اسلام کا پانچواں اور اسلامی عبادات کا چوتھا رکن ہے۔ ''حج'' کے لفظی معنی ''قصد وارادہ'' کے ہیں، اسلام میں یہ لفظ خانہ کعبہ کے قصد وارادہ کے لئے استعمال ہوا ہے تاکہ وہاں جاکر بیت اللہ کا طواف اور مکہ معظمہ کے مختلف مقدس مقامات پر حاضر ہو کر کچھ آداب واعمال عبادت اور بندگی الٰہی کے طور پر بجالائے جائیں:

﴿قل صدق اللہ فاتبعوا ملة ابراھیم حنیفا وما کان من المشرکین ٥ان اول بیت وضع للناس للذی ببکة مبرکا و ھدیً للعلمین ٥فیہ ایٰت بینٰت مقام ابراھیم و من دخلہ کان امنا وللہ علی الناس حج البیت من استطاع الیہ سبیلا ومن کفر فان اللہ غنیّ عن العلمین ٥﴾

''کہہ دیجئے کہ خدا نے سچ فرمایا پس شرک سے منہ موڑ کر ابراہیم علیہ السلام کے دین کی پیروی کرو اور ابراہیم علیہ السلام مشرکوں میں سے نہ تھے، بیشک پہلا گھر جو لوگوں کے لئے بنایا گیا وہ وہی ہے جو مکہ میں ہے، مبارک اور اہل عالم کے لئے راہ نما، اس میں کچھ کھلی ہوئی نشانیاں ہیں، ابراہیم علیہ السلام کے کھڑے ہونے کی جگہ اور جو شخص اس میں داخل ہوا، وہ آمن پانے والا ہے اور خدا کے لئے لوگوں پر اس گھر کا قصد کرنا فرض ہے، جو شخص اس گھر کی طرف سفر کی طاقت رکھتا ہو اور جو اس قدرت کے باوجود اس سے باز رہے تو خدا دنیا والوں سے بے نیاز ہے۔'' (آل عمران: ۹۷)

ان آیات میں ملت ابراہیمی کی پیروی کا حکم دیا گیا ہے اور بیت اللہ کے ساتھ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا خصوصی تعلق بتایا گیا ہے، اس کے بعد حج کی فرضیت کا اعلان کیا گیا ہے چونکہ ملت ابراہیمی کے بقایا میں حج ہی ایک ایسی عبادت تھی جس کے تمام اصول وارکان اسلام سے پہلے بھی اہل عرب کے یہاں بطور شعار کے رائج تھے، صرف ان کا


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

محل اور طریقہ بدل گیا تھا یا ان میں بعض مشرکانہ رسمیں داخل ہوگئی تھیں، اسلام نے ان کی اصلاح کرکے بیک مرتبہ ہی حج کے فرض ہونے کا اعلان کر دیا، اس کے برعکس دوسری عبادات یا تو اہل عرب میں وہ موجود ہی نہ تھیں اور یا پھر ان کی خصوصیات اور تفصیلات اسلام نے خود متعین کی ہیں اور ان کے لئے تدریجی طریقہ کار اختیار کیا گیا ہے، مثلاً نماز سے اہل عرب عام طور پر آشنا نہ تھے، تقریباً یہی حال زکوٰۃ کا ہے، چنانچہ نماز اور زکوٰۃ کی وہ آخری شکل جس پر محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم امت کو قائم فرما کر گئے ہیں، شروع سے متعین نہیں کی گئی، بلکہ تدریجی طور پر اس کو لایا گیا، شروع شروع میں قیود کم تھیں اور آسانیاں زیادہ، نماز کی رکعتیں پہلے کم تھیں، بعد میں اضافہ ہوا، ایسے ہی ابتدا میں نماز کی حالت میں سلام وکلام کی اجازت تھی، بعد میں اس کو ممنوع قرار دیا گیا، زکوٰۃ پہلے صرف صدقہ وخیرات کی شکل میں جاری ہوئی، نصاب اور دوسری تفصیلات کا تعین بعد میں ہوا، روزہ ان کے یہاں غیر مانوس نہ تھا، لیکن اسلام نے اس کے لئے بھی تدریجی انداز اختیار کیا، پہلے عاشورہ اور ایام بیض (ہر قمری مہینہ کی تیرہویں تاریخ) کے روزے ضروری قرار دیئے گئے، پھر آگے چل کر رمضان کے روزوں کی فرضیت کا اعلان ہوا۔

نماز اور زکوٰۃ کے اندر خدائے برتر کی حکومت اور سلطنت کا سکہ دل پر قائم ہوتا ہے اور بندہ معبودِ برحق کی بارگاہ میں جسم وجان اور مال وزر کے مختلف عنوانات سے بندگی ونیاز کے تحفے پیش کرتا ہے۔ روزہ اور حج میں سرتاپا جمال و محبوبیت کی شان نظر آتی ہے، روزے کو لیجئے، محبت کا پہلا اثر کم خفتن (کم سونا)، کم خوردن (کم کھانا) کم گفتن (کم بولنا) ہوتا ہے، روزہ دار دن بھر ان لذتوں سے کنارہ کش رہتا ہے، راتوں کو اٹھ اٹھ کر اپنی نیند خراب کرتا ہے اور اس طرح وہ عشق ومحبت کی ادائیں اختیار کرتا ہے۔ پھر رمضان کے اس ایک مہینے کی مشق کے بعد اس کی سرمستی زور پکڑتی ہے تو اس کو اب کوئے یار کی دھن لگ جاتی ہے اور سچا عاشق زیب وزینت کے تمام طریقوں کو خیرباد کہہ کر احرام باندھتا ہے اور کفن بردوش، شکستہ حال، پراگندہ بال، دیوانوں کی طرح ''لبیک لبیک'' کی صدائیں لگاتا ہوا دیارِ محبوب کا ذکر کرتا ہے، پھر منزل مقصود پر پہنچ کر اس گھر کے سامنے حاضری دیتا ہے جس کا کوئی مکین نہیں، مگر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کسی کے حسن وجمال کی کرنیں اس کے ایک ایک پتھر سے پھوٹ کر نکل رہی ہیں اور عشاق کے دلوں کو محسور کیے دیتی ہیں، ایسے دل فریب اور دل کش موقع پر یہ عاشق زار پھر وہی کچھ کرنے لگتا ہے جو مکتب عشق کا پرانا دستور ہے، یکبارگی دیوانہ وار اس گھر کا طواف شروع کر دیتا ہے، اس کے بعد منیٰ، عرفات اور مزدلفہ کے لق و دق میدانوں کی صحراء نوردی بھی اس عشق ومحبت کو تیز سے تیز کرتی ہے۔

اس طرح اسلامی عبادات کے ذریعے انسانی فطرت کو اطاعت ومحبت الٰہی کا خوگر بنایا گیا ہے تاکہ اگر اطاعت اپنی جگہ کامل ہو تو محبت بھی اپنی جگہ خالص ہو، چونکہ جس طرح وہ محبت قابل اعتبار نہیں جس میں سرمو بھی خلاف کی گنجائش باقی ہو، اسی طرح وہ اطاعت بھی قابل قبول نہیں جس میں روحانیت نہ ہو۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

حدیث شریف میں ہے کہ ذوالحجہ کے دس دنوں میں ایک دن کا روزہ ایک سال کے برابر ہے اور ایک رات کی عبادت شب قدر کی عبادت کے برابر ہے، خصوصاً عرفہ کے روزے اور عرفہ کے بعد والی رات کی عبادت کی بڑی فضیلت ہے، عرفہ کے روزے سے ایک سال کے اگلے اور ایک سال کے پچھلے گناہ معاف ہو جاتے ہیں اور عید کی رات میں عبادت کرنے والے کا دل قیامت میں دہشت سے مردہ نہیں ہوگا۔

مستحب یہ ہے کہ چاند دیکھ کر قربانی کرنے تک، قربانی کرنے والا شخص بال اور ناخن نہ کٹوائے اور نویں تاریخ کی صبح سے تیرہویں تاریخ کی عصر تک متوسط بلند آواز میں ہر فرض نماز کے بعد خواہ مقتدی ہو یا امام یا منفرد...... اللہ أکبر اللہ أکبر لا إلٰه إلا اللہ واللہ أکبر اللہ أکبر وللہ الحمد ......سب کے لئے پڑھنا واجب ہے، البتہ عورتیں آہستہ پڑھیں، عید کے دن صبح اٹھنا، غسل کرنا، مسواک کرنا، نئے یا پاک وصاف عمدہ کپڑے (جو اپنے پاس ہوں اور شرعی وضع کے خلاف نہ ہوں) پہننا، خوشبو لگانا، عید کی نماز سے پہلے کچھ نہ کھانا اور عید کی نماز کے لئے جاتے ہوئے راستے میں بلند آواز سے تکبیر مذکورہ پڑھنا مسنون ہے۔

**قربانی کی اہمیت:**......رسالت مآب حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہجرت کے بعد ہمیشہ مدینہ طیبہ میں قربانی فرمائی ہے۔قرآن کریم کی آیت ﴿فصل لربك وانحر﴾ میں اور ﴿ان صلاتي ونسكي ومحياي ومماتي لله رب العالمين﴾ میں قربانی کا ذکر موجود ہے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو مالدار آدمی قربانی نہ کرے، وہ ہماری عیدگاہ میں نہ آئے، اس ارشاد میں ناراضگی کا اظہار ہے، یہ مطلب نہیں کہ ایسے آدمی کو نماز عید نہیں پڑھنی چاہئے۔قربانی کے جانور کے ہر بال کے عوض ایک نیکی لکھی جاتی ہے اور قربانی کے خون کا قطرہ گرنے سے پہلے اللہ تعالیٰ اس کو قبول فرما لیتے ہیں اور قربانی کرنے والے کے تمام صغیرہ گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔

**قربانی کا مقصد:**......قربانی ایک عظیم عبادت ہے، اللہ تعالیٰ کے پاس اس کا گوشت اور خون پہنچانا مقصد نہیں، بلکہ مقصود اصلی یہ ہے کہ اس پر اللہ تعالیٰ کا نام لیا جائے، اخلاص ومحبت کے ساتھ حکم ربی کی بجا آوری کی جائے، اگر عبادت اخلاص ومحبت سے خالی ہوں تو صرف صورت اور ڈھانچہ باقی رہ جاتا ہے، اصل روح غائب ہو جاتی ہے، اسی لئے ضروری ہے کہ اللہ تعالیٰ کے حکم پر اخلاص کے ساتھ عمل کیا جائے۔

**قربانی کس پر واجب ہے؟**......قربانی ہر مسلمان عاقل بالغ پر واجب ہوتی ہے جس کی ملکیت میں ساڑھے باون تولہ (۶۱۳ گرام) چاندی یا اس کی قیمت کا مال اس کی حاجت اصلیہ سے زائد موجود ہو، خواہ یہ مال سونا، چاندی یا اس کے زیورات ہوں یا مال تجارت یا ضرورت سے زائد گھریلو سامان یا رہائشی مکان سے زائد کوئی مکان ہو، قربانی کے لئے اس مال پر سال بھر کا گزرنا بھی شرط نہیں ہے، بچے، مجنون اور مسافر پر قربانی واجب نہیں ہے، قربانی مرحومین کی طرف سے بھی کی جاسکتی ہے، استطاعت ہو تو بہتر ہے کہ اپنے مرحوم والدین یا دیگر بزرگوں جیسے نبی کریم صلی اللہ علیہ


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

وسلم اور صحابہ کرامؓ کی طرف سے قربانی کریں، اس کا بڑا ثواب ہے، لیکن اس صورت میں اپنی طرف سے قربانی کرنا ساقط نہیں ہوگا، چنانچہ جن لوگوں پر قربانی واجب ہے، ان کو اپنی طرف سے بھی قربانی کرنا ہوگی۔

**چند اہم مسائل کا بیان:**......(۱)......جس شخص پر قربانی واجب نہیں تھی، اگر اس نے قربانی کی نیت سے کوئی جانور خرید لیا تو اس پر قربانی واجب ہوگئی، لیکن اگر یہی جانور گم ہو جائے تو دوبارہ اس پر جانور خرید کر قربانی کرنا واجب نہیں۔(۲)......قربانی کے صرف تین دن ہیں، 10، 11 اور 12 ذوالحجہ، دسویں ذوالحجہ کو نماز عید کے بعد سے بارہویں ذوالحجہ تک کسی بھی وقت قربانی کر سکتے ہیں، چاہے دن ہو یا رات، لیکن دن میں کرنا افضل ہے۔(۳)......قربانی اگر کسی عذر سے رہ گئی تو اس کی قیمت کا صدقہ کرنا واجب ہے، لیکن قربانی کے دنوں میں قیمت صدقہ کرنے سے قربانی نہیں ہوگی۔

**قربانی کے جانور:**......بکرا، دنبہ اور بھیڑ میں صرف ایک ہی شخص کی طرف سے قربانی ہو سکتی ہے، لیکن گائے، بھینس اور اونٹ سات آدمیوں کی طرف سے کافی ہوتا ہے، قربانی میں ثواب کی نیت شرط ہے۔ جس جانور کے پیدائشی سینگ نہ ہوں یا درمیان میں سے سینگ ٹوٹ گیا ہو، اس جانور کی قربانی کرنا درست ہے لیکن اگر سینگ جڑ سے اکھڑ گیا ہو اور اس کا اثر دماغ تک پہنچا ہو تو اس صورت میں ایسے جانور کی قربانی درست نہیں ہے۔ (شامی)

**خصی جانور کی قربانی کا حکم:**......خصی جانور کی قربانی جائز بلکہ پسندیدہ ہے، خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی قربانی ثابت ہے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قربانی کے دن دو مینڈھے سینگوں والے، چتکبرے، خصی ذبح فرمائے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قربانی کا ارادہ فرماتے تو دو مینڈھے موٹے تازے، سینگوں والے، چتکبرے، خصی خریدتے تھے۔ (اعلاء السنن ج ۱۷/ ۲۵۵، ابن ماجہ ص ۲۳۲)

بکرا، بکری کا قربانی کے وقت ایک سال کا ہونا ضروری ہے جبکہ بھیڑ اور دنبہ اگر اتنا فربہ ہو کہ سال بھر کا معلوم ہو تو سال بھر سے کم بھی درست ہے اور گائے، بیل، بھینس دو سال کی اور اونٹ پانچ سال کا ہونا ضروری ہے، ورنہ قربانی جائز نہیں ہوگی۔

**جن جانوروں کی قربانی جائز نہیں:**......اگر جانور، اندھا، کانا، یا لنگڑا ہے تو اس کی قربانی درست نہیں، اسی طرح ایسے مریض اور لاغر جانور کی قربانی بھی درست نہیں جو قربانی کی جگہ تک اپنے پیروں پر نہ جا سکے، اسی طرح ایسا جانور جس کی تہائی سے زیادہ دم یا کان کٹا ہوا ہو تو اس کی بھی قربانی جائز نہیں ہے، اسی طرح جس جانور کے دانت پیدائشی نہ ہوں یا اکثر ٹوٹ گئے ہوں تو اس کی بھی قربانی جائز نہیں ہے، اسی طرح اگر پیدائشی طور پر کان بالکل نہیں ہیں تو بھی قربانی جائز نہیں ہے۔

اگر جانور صحیح خریدا تھا اور پھر اس میں کوئی عیب آ گیا تو اگر خریدنے والا صاحب نصاب نہیں ہے تو اس کے لئے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

اس عیب دار جانور کی قربانی کرنا جائز ہے لیکن خریدنے والا اگر صاحب نصاب ہے تو پھر دوسرا جانور اس کے بدلے خریدنا لازم ہے۔

**بڑے جانور کی قربانی میں شریک ہونے کے شرائط:**...... گائے، بیل، بھینس اور اونٹ میں سات آدمی مندرجہ ذیل شرائط کے ساتھ شریک ہو سکتے ہیں: (۱)...... تمام شرکاء مسلمان ہوں۔ (۲)...... زیادہ سے زیادہ سات حصے دار ہوں۔ (۳)...... سب کی آمدنی حلال ہو۔ (۴)...... ثواب حاصل کرنے کی نیت سے شریک ہوں، اگر ان کی قربانی کی جہت مختلف ہو، مثلاً واجب قربانی، عقیقہ اور نفلی قربانی، بالفرض اگر کوئی شخص محض گوشت حاصل کرنے کی نیت سے شریک ہوگا تو سب کی قربانی درست نہیں ہوگی۔

**گوشت کی تقسیم:**...... جس جانور میں کئی حصہ دار ہوں تو گوشت وزن کر کے تقسیم کیا جائے، قربانی کا گوشت خود کھانا یا فریج میں اسٹاک کرنا جائز ہے مگر افضل یہ ہے کہ قربانی والے گوشت کے تین حصے کر دیئے جائیں، ایک اپنے لئے، دوسرا حصہ رشتہ داروں اور احباب کے لئے اور تیسرا حصہ صدقہ کر دیں، قربانی کا گوشت فروخت کرنا حرام ہے، اسی طرح ذبح کرنے والے قصائی کی اجرت میں گوشت یا کھال دینا بھی جائز نہیں، اجرت علیحدہ دی جائے۔

**قربانی کی دعا:**...... جب جانور کو ذبح کے لئے قبلہ رو لٹائیں تو یہ مسنون دعا پڑھیں:

﴿انی وجهت وجهی للذی فطر السموات والارض حنيفا وما انا من المشركين ان صلاتی ونسكی ومحيای ومماتی لله رب العالمين﴾ پھر بسم الله الله اکبر کہہ کر ذبح کریں اور اس کے بعد یہ دعا پڑھیں: اللهم تقبل مني كما تقبلت من حبيبك وخليلك إبراهيم عليه السلام

اور اگر قربانی دوسرے کی طرف سے ہو تو پھر مذکورہ دعا میں منی کی جگہ من کہہ کر ان کا نام لیں۔

**کھال کے احکام:**...... قربانی کی کھال کو اپنے استعمال میں لانا جائز ہے لیکن فروخت کر کے قیمت کو استعمال کرنا جائز نہیں ہے، بلکہ اس کا صدقہ کرنا ضروری ہے، اسی طرح موذن یا امام کو حق الخدمت کی صورت میں کھال دینا جائز نہیں ہے۔ مدارس اسلامیہ کے غریب طلبہ ان کھالوں کا بہترین مصرف ہیں، اس میں صدقہ کا ثواب بھی ہوتا ہے اور احیائے دین کی خدمت میں بھی شرکت ہوتی ہے، لیکن یہ یاد رہے کہ مدرسین اور ملازمین کی تنخواہ میں اس کا خرچ کرنا جائز نہیں ہے۔

## دعائے مغفرت کی درخواست

جامعہ خیر المدارس ملتان کے کارکن اور فاضل (مولانا محمد اقبال بالا کوٹی) کی والدہ ماجدہ ۲۴ ستمبر ۲۰۱۴ء بروز بدھ انتقال فرما گئی ہیں، انا للہ وانا الیہ راجعون

مرحومہ ایک نیک سیرت، صوم وصلوٰۃ کی پابند خاتون تھیں، اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرما کر جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام نصیب فرمائے، جملہ پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین


© rasailojaraid.com